PUNJAB
Education Foundation

مراسلہ نمبر: PEF/FAS/CIR/01-2025/2009 تاریخ: 08 جنوری 2025

محترم سکول مالکان/لائسینسیز (FAS,EVS, NSP, PSRP)

عنوان: SIS میں موجود بچوں کی تصاویر اپ لوڈ کرنے کی تاریخ میں توسیع

بحوالہ سرکلر نمبر PEF/FAS/CIR/06-2024/703 بتاریخ 04 جون 2024 اور بحوالہ سرکلر نمبر PEF/FAS/CIR/08-2024/773 بتاریخ 30 اگست 2024 اور بحوالہ سرکلر نمبر PEF/FAS/CIR/10-2024/805 بتاریخ 07 اکتوبر 2024 اور بحوالہ سرکلر نمبر PEF/FAS/CIR/11-2024/842 بتاریخ یکم نومبر 2024، تمام اسکول مالکان کو 30 نومبر 2024 تک ڈیجیٹل مانیٹرنگ (Digital Monitoring) کے حوالے سے SIS میں طلباء کی تصاویر درست کرنے کی ہدایت کی گئی تھی۔

تاہم کچھ اسکول مالکان نے تاحال مکمل بچوں کی درست تصاویر اپ لوڈ نہیں کیں۔ لہذا تصویر اپ لوڈ کرنے کی تاریخ میں **30 جنوری 2025** تک توسیع کی جارہی ہے۔ اس حوالے سے تمام اسکول مالکان کو ایک بار پھر ہدایت کی جاتی ہے کہ درج ذیل ہدایات کے مطابق SIS میں موجود تمام بچوں کی تصاویر کو درست کر لیں:

- بذریعہ موبائل یا کیمرہ ایسی تصاویر لیں جو روشن اور واضح ہوں تاکہ تصدیق میں آسانی ہو۔ ممکنہ حد تک ایسی تصاویر استعمال کرنے سے گریز کریں جو بچے اور کیمرے کی حرکت کی وجہ سے دھندلی ہو سکتی ہیں۔ دھندلی تصویر کی وجہ سے بچہ کی تصدیق نہ ہو گی۔
- تمام تصاویر میں اس امر کو یقینی بنائیں کہ طالب علم کا منہ کھلا نہ ہو اور طالبعلم کی آنکھیں کھلی اور واضح دکھائی دیں۔ رخ سیدھا کیمرے کی طرف ہو۔ نیز چہرہ اور کندھے واضح دکھائی دیں۔
- تصویر کا پس منظر کا رنگ ہلکا نیلا یا ہلکا سرمئی ہونا چاہیے۔ گہرے پس منظر کے رنگ موزوں نہیں، خاص طور پر جب بچے کی تصویر پس منظر کے ساتھ گھل مل رہی ہو۔
- صرف رنگین تصویر کا استعمال کریں۔ بوقت تصویر چہرے کو ماسک وغیرہ سے ہر گز نہ ڈھانپیں۔ چہرے پر فلیش لائٹنگ والی تصاویر کا استعمال کریں۔
- بچوں کی درست، حالیہ اور واضح تصاویر جو کہ نہ ٹیڑھی ہو اور نہ دھندلی ہو۔
- یاد رہے تصویر دیئے گئے سیمپل کے مطابق ہونی چاہئے۔ مزید برآں جو بچیاں سر پر اسکارف کا استعمال کرتی ہیں اُن کی تصاویر بھی واضح چہرہ کے ساتھ اپ لوڈ کی جائیں۔

واضح رہے SIS میں تصاویر درست کرنے کی سہولت 30 جنوری 2025 تک میسر ہو گی۔
ڈیجیٹل مانیٹرنگ کے دوران Not Verified قرار پانے والے بچوں کی ماہانہ ادائیگی نہیں کی جائے گی۔

خیر اندیش

ڈپٹی منیجنگ ڈائریکٹر (آپریشنز)